سورۃ الشمس (91)

(مکی — کل آیات 15)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَالشَّمۡسِ وَضُحَاهَا (1)

سورج کی اور اس کی دھوپ کی قسم ہے۔

وَالۡقَمَرِ اِذَا تَلَاهَا (2)

اور چاند کی جب وہ اس کے پیچھے آئے۔

وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا (3)

اور دن کی جب وہ اس کو روشن کر دے۔

وَاللَّيۡلِ اِذَا يَغۡشٰهَا (4)

اور رات کی جب وہ اس کو ڈھانپ لے۔

وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا (5)

اور آسمان کی اور اس کی جس نے اس کو بنایا۔

وَالۡاَرۡضِ وَمَا طَحٰهَا (6)

اور زمین اور اس کی جس نے اس کو بچھایا۔

وَنَفۡسٍ وَّمَا سَوّٰهَا (7)

اور جان کی اور اس کی جس نے اس کو درست کیا۔

فَاَلۡهَمَهَا فُجُوۡرَهَا وَتَقۡوٰهَا (8)

پھر اس کو اس کی بدی اور نیکی سمجھائی۔

قَدۡ اَفۡلَحَ مَنۡ زَكّٰٮهَا (9)

بے شک وہ کامیاب ہوا جس نے اپنی روح کو پاک کر لیا۔

وَقَدۡ خَابَ مَنۡ دَسّٰٮهَا (10)

اور بے شک وہ غارت ہوا جس نے اس کو آلودہ کر لیا۔

كَذَّبَتۡ ثَمُوۡدُ بِطَغۡوٰٮهَآ (11)

ثمود نے اپنی سرکشی سے (صالح کو) جھٹلایا تھا۔

اِذِ انۡۢبَعَثَ اَشۡقٰٮهَا (12)

جب کہ ان کا بڑا بدبخت اٹھا۔

فَقَالَ لَهُمۡ رَسُوۡلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقۡيٰهَا (13)

پس ان سے اللہ کے رسول نے کہا کہ اللہ کی اونٹنی اور اس کے پانی پینے کی باری سے بچو۔

فَكَذَّبُوۡهُ فَعَقَرُوۡهَا فَدَمۡدَمَ عَلَيۡهِمۡ رَبُّهُمۡ بِذَنۡۢبِهِمۡ فَسَوّٰٮهَا (14)

پس انہوں نے اس کو جھٹلایا اور اونٹنی کی کونچیں کاٹ ڈالیں پھر ان پر ان کے رب نے ان کے گناہوں کے بدلے ہلاکت نازل کی پھر ان کو برابر کر دیا۔

وَلَا يَخَافُ عُقۡبٰهَا (15)

اور اس نے اس کے انجام کی پروا نہ کی۔